درود ہزارہ پڑھنا شروع کر دیا۔ یہ دیکھ کر تعجب کی انتہا نہ رہی کہ مشکل سے پندرہ بار ہی پڑھا ہوگا کہ دل کی دھڑکن کم ہونی شروع ہوگئی۔ گرمی اور گھبراہٹ میں نمایاں کمی ہوگئی ہوتک پہنچتے پہنچتے بالکل بھلا چنگا ہوگیا۔ اب مجھے دل کی بیماری کا نیا نسخہ معلوم ہوگیا۔ میں نے دوائیں کھانی چھوڑ دیں۔ کھانے کا پرہیز ختم کر دیا اور ٹانکوں میں بھی کمی کر دی۔ جب کبھی محسوس ہوتا کہ دل کا دورہ پڑ رہا ہے تو فوراً دوزانو ہو کر ادب سے بیٹھ جاتا، ٹوپی سر پر رکھ لیتا اپنا رُخ قبلہ طرف کر لیتا اور درودِ ہزارہ پڑھنا شروع کر دیتا اس عمل سے مستقل فائدہ ہونے لگا۔ یہ دیکھ کر میں نے درود شریف کی تعداد بڑھا دی اور بے گنتی پڑھنے لگا۔ ایک رات بے وضو اور ننگے سر باہر صحن میں چت پر لیٹا ہوا درود پڑھ رہا تھا کہ میری نبض تیز ہونی شروع ہوئی اور گھبراہٹ میں اضافہ ہونے لگا۔ میں فوراً اٹھ بیٹھا وضو کیا، ادب سے قبلہ رخ بیٹھ گیا، ٹوپی اوڑھ لی اور درود پڑھنا شروع کر دیا اس عمل سے نبض ٹھیک ہوگئی اور گھبراہٹ چلی گئی۔ ایسا کئی بار ہوا۔ اس تجربے نے بار بار سوچنے پر مجبور کر دیا کہ درود شریف پڑھتے وقت کیوں لیٹنا نہیں چاہیے۔ بلکہ ادب سے بیٹھنا چاہیے۔ سر پر ٹوپی اوڑھنی چاہیے؟ باوضو کیوں رہنا چاہیے؟ رُخ مغرب کی طرف کیوں رکھنا چاہیے؟ یہ سب احتیاطیں ملحوظ خاطر رکھنے سے کیوں میری گھبراہٹ چلی جاتی ہے اور دل جمعی حاصل ہو جاتی ہے؟ درود شریف کا تعلق خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات باصفات سے ہے، کیا درود آپ تک خود بخود پہنچ جاتا ہے یا فرشتے پہنچاتے ہیں؟ کیا ساتھ ہی ساتھ آپ کو اس کی اطلاع بھی مل جاتی ہے کہ پڑھنے والا کس حالت میں ہے؟ لیٹا یا بیٹھا ہے؟ اگر بیٹھا ہے تو دوزانو ہو کر باادب بیٹھا ہے یا کسی اور طریقہ سے بے ادب بیٹھا ہے؟ باوضو ہے یا بے وضو؟ قبلہ رخ ہے یا نہیں؟ سر پر ٹوپی ہے یا ننگے سر ہے؟ اور پھر یہ بھی کہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم بالا پر جہاں آپ مقیم ہیں اتنی طاقت میسر ہے کہ وہاں بیٹھے بیٹھے اس فرد کو دیکھ لیں جو آپ پر درود بھیج رہا ہے؟ افسوس ان سوالات کا کوئی جواب نہ مل سکا۔

ان حالات میں رہتے ہوئے کئی مہینے گزر گئے۔ ایک دن ایک انوکھے طریقے سے میری رہنمائی ہوئی۔ میں آنکھیں بند کیے رات کو بیٹھا ہوا آہستہ آہستہ درود شریف پڑھ رہا تھا کہ معاً میرے سامنے وہی پُرعظمت شخصیت آگئی جو اس خطرناک اور مہیب رات کو میرے پیر و مرشد کے دائیں جانب تھوڑے فاصلے پر قدم رنجہ تھی۔ میں نے غور سے دیکھا بالکل وہی تھی۔ وہی کالی عبا، شانوں سے قدموں تک جس کا کپڑا بالکل ہی انوکھی نوعیت کا تھا۔ وہی چہرۂ مبارک، وہی نقاب اور وہی متوسط بھرا ہوا جسم۔ میرا درود پڑھنا تھوڑی دیر کے لیے موقوف ہوگیا۔ اور میرے دل میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پُروقار انداز اور آپ کی تیز مگر متین نگاہوں کو دیکھتے ہوئے جو مجھ پر مرکوز تھیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّۃِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اللہ کی شان ربانی کے رازوں کی تعداد کے برابر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْاَسْرَارِ الصَّمَدَانِیَّۃِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اللہ کی شان بے نیازی کے رازوں کی تعداد کے برابر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْاَلْوَاحِ وَ الْجَوَاھِرِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر عام وخاص جواہر کے تعداد کے برابر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْاَصْدَافِ وَ الدُّرَرِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر سیپ اور موتیوں کی تعداد کے برابر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے حسن وجمال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ عِلْمِہٖ وَ کَمَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے علم وکمال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ رُعْبِہٖ وَ جَلَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے رعب وجلال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ قُرْبِہٖ وَ وِصَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے قرب ووصال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ شَوْقِہٖ وَ خَیَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے شوق وخیال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ اَوْلَادِہٖ وَ آلِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کی اولاد اور آل کی تعداد کے برابر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ نُطْقِہٖ وَ زُلَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کی گویائی اور شیریں بیانی کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ لُطْفِہٖ وَ مَلَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے سکون اور بے قراری کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ ھِجْرِہٖ وَ وِصَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے فراق اور وصال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ بِدْئِہٖ وَ مَآلِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے آغاز اور انجام کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ صُلْحِہٖ وَ جِدَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے غزوے اور صلح کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ عَفْوِہٖ وَ قِتَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے درگزر کرنے اور (اللہ کے لیے) جہاد کرنے کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ حَالِہٖ وَ قَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے حال وقال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ خَطِّہٖ وَ خَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے چہرہ مبارک کے نقوش اور تلوں کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ عِزِّہٖ وَ فِضَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر حضور ﷺ کے غلبہ اور فضیلت کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ نَقْدِہٖ وَ مَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر آپ کے موجود اور عام مال کی تعداد کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِقَدْرِ مِیْمِہٖ وَ دَالِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر آپ کے نام مبارک کے میم اور دال کے مطابق اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الرَّسُوْلِ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے رسول اُمّی پر اور آپ کی آل پر بھی، اے اللہ درود و سلام بھیجئے نبی اُمّی پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الْحَبِیْبِ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّ الْکَوْثَرِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے حبیب اُمّی اور آپ کی آل پر بھی، اے اللہ درود و سلام بھیجئے کوثر کے نبی پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی شَافِعِ الْمَحْشَرِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے قیامت کے دن شفاعت کرنے والے پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے روشن چراغ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الْمُزَّمِّلِ الْمُدَّثِّرِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے کمبل اوڑھنے اور چادر اوڑھنے والے پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے نبی رحمت پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی شَفِیْقِ الْاُمَّۃِ وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے شفیق امت پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی الْمُبَشِّرِ وَ النَّذِیْرِ وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے خوش خبری سنانے والے اور ڈرانے والے پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی الْحَبِیْبِ الدَّائِمِ وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے (امت کے) دائمی محبوب پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی النَّاطِقِ الصَّادِقِ وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے سچ بولنے والے پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے بلند و برتر رفیق پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے (اللہ تعالیٰ کے) برتر رفیق پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی الْحَبِیْبِ الْاَعْلٰی وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے (اللہ تعالیٰ) کے بلند و بالا محبوب پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْمَدَنِیِّ مَنْ ھُوَ عِنْدَہُ الْعِلْمُ اللَّدُنِّیُّ وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد مدنی پر جن کے پاس علم لدنی ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْاُمِّیِّ مَنْ ھُوَ عِنْدَہُ الْعِلْمُ اللَّدُنِّیُّ وَ اٰلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد امی پر جن کے پاس علم لدنی ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الرَّسُوْلِ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے رسول امی پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے نبی امی پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الْمُصْطَفٰی وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے برگزیدہ (نبی) پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الْمُجْتَبٰی وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے منتخب (نبی) پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الْمُرْتَضٰی وَ آلِہٖ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی الْمُرْتَجٰی وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے پسندیدہ (نبی) پر اور آپ کی آل پر بھی، اے اللہ درود وسلام بھیجئے امید گاہ خلائق پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْھَادِیْ بِحَقِّ النُّوْنِ وَ الصَّادِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو ہدایت فرمانے والے ہیں بحق "ن" و "ص" اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْبَادِیْ بِحَقِّ الْکَافِ وَ الصَّادِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو ظہور اول ہیں بحق "ک" و "ص" اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْجَادِیْ بِحَقِّ الْحَاءِ وَ الْقَافِ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو عطیہ دینے والے ہیں بحق "ح" و "ق" اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الْبَاقِیْ عِنْدَ مَنْ زَارَہٗ وَ طَافَ وَ آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو زیارت اور طواف کرنے والے کے پاس موجود ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨ الصَّدِیْقِ عِنْدَ مَنْ نَطَقَ بِهٖ بِالتَّحْقِیْقِ وَ آلِهٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو دوست ہیں اس شخص کے جس نے تحقیق کے ساتھ آپ کی شہادت دی اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨ الْعَلَّامِ وَ اشْتَهَرَ الْاُمِّیُّ فِی الْاَنَامِ وَ عَلٰی آلِهٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو علوم کا سرچشمہ ہیں اور جو لوگوں میں امی کے لقب سے مشہور ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی آلِهٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر جس طرح درود بھیجا آپ نے ہمارے سردار ابراہیم پر اور آپ کی آل پر

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اسْتَغْفَرْتُ مِنَ الْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَ تُبْتُ عَنِ الْمَعَاصِیْ كُلِّهَا

اے اللہ میں نے اپنے تمام گناہوں سے معافی چاہی اور تمام گناہوں سے توبہ کی اور میں نے

وَ اَخَذْتُ یَدَ حَبِیْبِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨ الْمُصْطَفٰی وَ بَایَعْتُ

آپ کے حبیب ہمارے سردار محمد ﷺ کے دست مبارک کو پکڑ لیا اور میں نے

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَتَّبِعَ بِهٖ وَ اَذْهَبَ اِلٰی

نبی ﷺ سے بیعت کی تا کہ آپ کی پیروی کر سکوں اور آپ کے دین اور مسلک پر چلوں اور آپ

مَذْهَبِهٖ وَ مَسْلَكِهٖ وَ هُوَ الَّذِیْ یَسْلُكُ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِیْمَ

وہی ہیں جو اللہ کے سیدھے راستہ پر چلتے ہیں پس ہم کو حضور ﷺ کے راستہ اور اپنے راستہ پر چلا

فَاهْدِنَا صِرَاطَهٗ وَ صِرَاطَكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَ یَا غَفُوْرُ

اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے مہربان بخشنے والے اور میں نے اس بات

رَّحِیْمُ وَ اَنْ اُصَلِّیَ عَلَیْهِ لِاَنَّ فِی الصَّلٰوةِ اِسْمَكَ

پر بھی بیعت کی ہے کہ آپ پر درود بھیجوں اس لیے کہ درود میں آپ کا اسم ذات ہے

اسْمُ الذَّاتِ وَ اَحَاطَهُ الصِّفَاتُ ثُمَّ الدُّعَاءُ وَ الْاِلْتِجَاءُ اِلَيْكَ

اور اس کو صفات گھیرے ہوئے ہیں۔ پھر میری دعا ہے اور آپ کی جناب میں التجا ہے کہ آپ کے

بِاسْمِ مُحَمَّدِكَ مَحْمُوْدِ الصِّفَاتِ وَ فِيْهِ قَوْلُكَ عَسَى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ

اسمِ محمد ﷺ کے نامِ نامی کے واسطے سے جو اچھے صفات والے ہیں اور جن کی شان میں آپ

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا فَاَدْخِلْنِىْ مَعَهٗ فِى الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ الْمُحَمَّدِىِّ

کا فرمان ہے عنقریب آپ ﷺ کو آپ ﷺ کا رب مقامِ محمود پر بھیجے گا، آپ مجھے بھی حضور کے ساتھ

وَ هٰذَا مُنْيَتِىْ وَ مُرَادِىْ وَ مَقْصَدِىْ بِالصَّلٰوةِ وَ السَّلَامِ عَلَيْهِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

محمدی مقامِ محمود میں داخل فرما دیجئے یہی میری تمنا یہی میرا مقصود ہے اور یہی میرا مقصد ہے آپ کے اوپر درود و سلام بھیجنے سے اے اللہ اے اللہ اے اللہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ قَوْلُكَ فِيْهِ وَ مَآ اَرْسَلْنَاكَ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے ''ہم نے آپ کو خوشخبری دینے والا

اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

ڈرانے والا ہی بنا کر بھیجا ہے'' اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ قَوْلُكَ فِيْهِ وَ مَآ اَرْسَلْنَاكَ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے ''ہم نے تو آپ کو سارے جہانوں

اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

کے لیے رحمت بنا کر ہی بھیجا ہے'' اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ قَوْلُكَ فِيْهِ اِنَّآ اَرْسَلْنَاكَ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے ''ہم نے آپ کو حق کے ساتھ خوش خبری

بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے" اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ فيه قَوْلُكَ سُبْحَانَ الَّذِىْ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے "پاک ہے وہ ذات جو اپنے

اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلاً وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

بندہ کو رات کے وقت (معراج کے لیے) لے گئی" اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ فِيْهِ قَوْلُكَ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے "اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو

لِيُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ فِيْهِمْ وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

عذاب نہیں دے گا جب تک آپ ﷺ ان میں موجود ہیں" اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ فِيْهِ قَوْلُكَ وَ مَا رَمَيْتَ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے "جس وقت آپ نے کنکریاں

اِذْ رَمَيْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

پھینکیں، آپ نے نہیں پھینکیں، بلکہ اللہ نے پھینکیں" اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِىْ فِيْهِ قَوْلُكَ يَا اَيُّهَا النَّبِىُّ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے "اے نبی ہم نے آپ کو

اِنَّا اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ دَاعِيًا

گواہ، خوش خبری سنانے والے، ڈرانے والا اور اللہ کی اجازت سے

اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيْرًا وَ عَلٰى آلِهٖ دَائِمًا

اللہ کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے" اور آپ کی آل پر بھی ہمیشہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى الَّذِیْ فِيْهِ قَوْلُكَ اِنَّ الَّذِيْنَ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے اس ہستی پر جن کے بارے میں آپ کا ارشاد ہے "جو لوگ آپ سے

يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ

بیعت کر رہے ہیں وہ حقیقت میں اللہ سے بیعت کر رہے ہیں اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے"

وَعَلٰى آلِهٖ دَائِمًا وَ بَارِكْ عَلَيْهِ وَ عَلٰى آلِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

اور آپ کی آل پر بھی (درود و سلام بھیجئے) اور برکت نازل فرمایئے آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی آل پر بھی ہمیشہ جس طرح برکت نازل

سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ

فرمائی آپ نے ہمارے سردار ابراہیم پر اور ہمارے سردار ابراہیم کی آل پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِعَدَدِ اَسْرَارِ الْكَوْنِ وَ الْكَوْنِيَّةِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ بَارِكْ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر ہستی اور ہستی کے بھیدوں کی تعداد کے برابر اور آپ کی آل پر بھی اور برکت بھی نازل فرمایئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِعَدَدِ اَسْرَارِ الدَّهْرِ وَ الدَّهْرِيَّةِ وَ عَلٰى آلِهٖ وَ بَارِكْ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر زمانہ اور زمانے کے رازوں کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی اور برکت بھی نازل فرمایئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِعَدَدِ كُلِّ غَايَةٍ فِیْ عِلْمِكَ وَ عَلٰى آلِهٖ كَذٰلِكَ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر آپ کے علم کی ہر غایت کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ بِعَدَدِ كُلِّ نِهَايَةٍ فِیْ عِلْمِكَ وَ عَلٰى آلِهٖ كَذٰلِكَ

اے اللہ درود و سلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر آپ کے علم کی انتہا کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ بِعَدَدِ مَا فِیْ عِلْمِکَ بِقَدْرِ وُسْعَتِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ کَذٰلِکَ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر آپ کے علم کی مقدار وسعت کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ بِعَدَدِ مَا فِیْ عِلْمِکَ بِقَدْرِ اِحَاطَتِہٖ وَ عَلٰی آلِہٖ کَذٰلِکَ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر آپ کے احاطۂ علم کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ بِعَدَدِ مَا ھُوَ غَایَۃُ الْاَعْدَادِ فِیْ وُسْعَۃِ عِلْمِکَ وَ عَلٰی آلِہٖ کَذٰلِکَ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر آپ کے وسعتِ علم میں غایتِ اعداد کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ بِعَدَدِ مَا لَہُ الْعَدُّ مَعَ وُسْعَۃِ عِلْمِکَ وَ عَلٰی آلِہٖ کَذٰلِکَ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے آنحضور ﷺ پر آپ کے وسعتِ علم کے ساتھ گنی جانے والی چیزوں کی تعداد کے برابر اسی طرح آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمانے والے ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ رَفِیْعُ الدَّرَجَاتِ ذَاالْعَرْشِ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ بلند مرتبہ والے ہیں عرش والے ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں بہت پاک مبارک ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ مَالِکُ الْمُلْکِ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں تمام کائنات کے مالک ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں اور سب کو قائم کرنے والے ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

بے پناہ عقیدت اور بے اتاہ محبت کا ایک سمندر موجزن ہو گیا۔ میں سوچنے لگا کہ یا اللہ یہ کون صاحب غیب سے آشکار ہوتے ہوئے عظمت وفیض و برکت اور رحمت ومودّت کے شاہکار ہیں جن کی پاک توجہ میرے وجود کا تزکیہ کر رہی ہے اور کیوں یہ اپنی اصلیت، پتہ ونشان سے مجھے مطلع نہیں فرماتے؟ مجھے اسرار در اسرار میں الجھائے چلے جاتے ہیں؟ تھوڑی دیر سکون رہا اور میں نے درود شریف پھر پڑھنا شروع کر دیا۔ جیسے درود کا ورد شروع کیا اسی لمحے ان کے نقاب میں ہلکی سی جنبش ہوئی آپ کے چہرۂ مبارک کے خط وخال بہت ہی مبہم مبہم میرے سامنے جھلکے اور مجھے اندازہ ہوا کہ آپ مسکرا رہے ہیں ایک دم مجھے خیال آیا کہ کہیں آپ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوں۔ جیسے ہی مجھے یہ خیال آیا میں نے دیوانہ وار اپنے آپ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر نچھاور کرنے کے لیے اٹھنا چاہا مگر۔۔۔میری آنکھیں کھل گئی اور محویت ختم ہو گئی۔

اس واقعہ کے بعد سے میں نے بکثرت درود پڑھنا شروع کر دیا اور چاہنے لگا کہ میں کوئی ایسا نادر کام کروں جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہو جائیں اور اپنی خوشنودی کا اظہار مجھ پر فرما دیں۔ میں نے سوچا کہ کیوں نہ درود ہزارہ کے علاوہ اور درودوں کا ورد شروع کروں جو کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسرت کا موجب ہو۔ چنانچہ اردو بازار جامع مسجد گیا اور تمام دکانوں میں گھوم کر درود شریف کی کتابوں کی تلاش کی۔ کوئی تفصیلی کتاب نہ مل سکی البتہ چھوٹے چھوٹے کتابچے بہت مل گئے جن میں طرح طرح کے درود لکھے ہوئے تھے۔ میں نے وہی پڑھنے شروع کر دیے اور ہمیشہ ان کو ساتھ رکھنے لگا۔ ہر وقت اور ہر جگہ درود پڑھنے لگا۔ کبھی کوئی کتابچہ اور کبھی کوئی پمفلٹ۔ مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی تشفی تو کیا ہوتی، تشنگی ہی بڑھتی گئی۔ سوچا کہ درود شریف کی کوئی ایسی مبسوط کتاب مل جائے جو ہر طرح مکمل ہو اور جس کا ورد میں باقاعدہ کیا کروں۔ آنحضرت ہادی برحق صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیشہ یاد کرنے کا یہی طریقہ سب سے بہتر ہو سکتا ہے اور آپ کی خوشی کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ اس مقصد کو پانے کے لیے دہلی کا کونہ کونہ چھان مارا مگر سب بے سود ہوا۔

اس دوران میری خط وکتابت میری پھوپی اماں القاریہ الحاجیہ حضرتہ قیصری بیگم صاحبہ سے شروع ہو گئی جو حیدرآباد دکن میں مقیم ہیں۔ یہ شمس العلماء مولانا حافظ نذیر احمد دہلوی کی نواسی ہیں اور انھوں نے قرآنِ بسیط کی بڑی بڑی خدمات انجام دی ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ حج کیا ہے۔ علمی ذوق وشوق ورثہ میں ملا ہے۔ بڑی صاحب قلم ہیں۔ نظم ونثر دونوں میں دخل ودسترس رکھتی ہیں۔ ہمارے پورے خاندان کی جو ہند وپاک میں پھیلا ہوا ہے سب سے زیادہ باعظمت خاتون ہیں۔ کئی کتابوں کی مصنفہ ہیں۔ بڑی مذہبی اور نیک ہستی ہیں۔ ہشت وقتہ نمازی اور

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الْاَحَدُ الصَّمَدُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں یکتا ہیں بے نیاز ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ سے کوئی پیدا نہیں ہوا اور نہ آپ کسی سے پیدا ہوئے درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ الْفَرْدُ لَا زَالَ وَلَمْ يَزَلْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ ایسے یکتا ہیں جو ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ لَا مَعْبُوْدَ سِوَاكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ لَا مَسْجُوْدَ سِوَاكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ کے سوا کوئی سجدہ کے قابل نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ لَا مَوْجُوْدَ سِوَاكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ کے سوا کوئی موجود نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

(اِقْرَؤُا هٰذِهِ الصَّلٰوةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ)

(اس درود کو تین مرتبہ پڑھیں)

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ پاک ہیں آپ ہی ہیں جن کے دستِ قدرت میں میری پیشانی کے بال ہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ قَلْبِیْ بِیَدِكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کے دستِ قدرت میں میرا دل ہے درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ رُوْحِیْ بِیَدِكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کے دستِ قدرت میں میری روح ہے درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ لَیْسَ لِیْ سِوَاكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کے سوا میرا کوئی نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ لَیْسَ فِیْ قَلْبِیْ سِوَاكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کے سوا میرے دل میں کوئی نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ لَیْسَ فِیْ رُوْحِیْ سِوَاكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کے سوا میری روح میں کوئی نہیں درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ یَدُوْمُ بَقَائُكَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کو دوام بقا حاصل ہے درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ بِیَدِكَ الْمَلَكُوْتُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہیں جن کے دستِ قدرت میں عالم ملکوت ہے درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِیَدِكَ الْجَبَرُوْتُ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر آپ کے ہاتھ میں عالم جبروت ہے اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِیَدِكَ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر آپ کے ہاتھ تمام آسمان اور زمین کے خزانے ہیں اور آنحضور کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِیَدِكَ مَفَاتِیْحُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر آپ کے ہاتھ میں تمام آسمان اور زمین کی کنجیاں ہیں اور آنحضور کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الْمَعْبُوْدُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ سِرُّ الْوُجُوْدِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہمارے معبود ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو موجود چیزوں کے راز ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الْمَسْجُوْدُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ سِرُّ الْمَوْجُوْدُ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہمارے مسجود ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو موجود چیزوں کے راز ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الْمَقْصُوْدُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ الْمَحْمُوْدُ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہمارے مقصود ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو قابل ستائش ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الْمَحْبُوْبُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ الْمَطْلُوْبُ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہمارے محبوب ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو مطلوب ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الْخَالِقُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ خَیْرُ الْمَخْلُوْقِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہمارے پیدا کرنے والے ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو ساری مخلوق میں بہترین ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الرَّزَّاقُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ خَیْرُ الْمَرْزُوْقِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہم کو ہر چیز عطا فرمانے والے ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو بہترین عطیہ ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ لَنَا الرَّبُّ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ںِالَّذِیْ ھُوَ خَیْرُ الْمَرْبُوْبِ وَ عَلٰی آلِہٖ

اے اللہ آپ ہی ہمارے پروردگار ہیں پس آپ درود وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو ساری مخلوق میں سب سے زیادہ افضل ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْفَتَّاحُ فَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ هُوَ مِفْتَاحُ الْقُلُوْبِ وَ عَلٰى اٰلِهٖ

اے اللہ آپ ہی ہر چیز کے کھولنے والے ہیں پس آپ درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو تمام دلوں کی کنجی کھولنے والے ہیں اور آپ کی آل پر بھی

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے عالم ملکوت اور ان کے درمیان میں جو کچھ ہے اس کے

وَ مَا بَيْنَهُمَا وَ مَا فِىْ قُلُوْبِنَا غُلُفٌ مِّنْ دَنَسِ الْمَعْصِيَةِ

دروازوں کو کھول دے اور ہمارے دلوں میں برائی اور گناہوں کے میل کا جو پردہ پڑا ہوا ہے

وَ الذُّنُوْبِ يَا مُفَتِّحَ اَبْوَابِ الْقُلُوْبِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ

اس کو بھی ہٹا دے، اے دلوں کے دروازوں کو کھولنے والے اے دلوں کو پلٹنے والے

قَلِّبْ قَلْبِىْ اِلَيْكَ حَتّٰى لَا اَرٰى سِوَاكَ وَ لَا يُرٰى غَيْرُكَ

میرے دل کو اپنی طرف پلٹ دے یہاں تک کہ میں آپ کے سوا کسی کو نہ دیکھا کروں اور

فِىْ ظَاهِرِ الْبَصَارَةِ وَ فِىْ بَاطِنِ الْبَصِيْرَةِ وَنَوِّرْ بَصَرِىْ وَبَصَارَتِىْ

ظاہری نگاہ اور باطنی بصیرت میں آپ کے سوا کوئی دکھائی نہ دے اور میری نگاہ کو میری آنکھوں

وَبَصِيْرَتِىْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ وَ نَوِّرْ قَلْبِىْ بِتَجَلِّيَاتِ ذَاتِكَ وَ صِفَاتِكَ

اور میری بصیرت کو اپنی معرفت کے نور سے روشن کر دے اور میرے دل کو اپنی ذات اور اپنی صفات

يَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِىْ عَيْنِىْ نُوْرًا وَ فِىْ رَأْسِىْ نُوْرًا

کی تجلیات سے روشن کر دے، اے نوروں کے نور، اے اللہ پیدا کر دے میری آنکھوں میں نور کو، میرے

وَ فِىْ صَدْرِىْ نُوْرًا وَ فِىْ دَمِىْ نُوْرًا وَ فِىْ قَلْبِىْ نُوْرًا وَ فِىْ رُوْحِىْ

سر میں نور اور میرے سینہ میں نور اور میرے خون میں نور اور میرے دل میں نور اور میری روح میں

نُوْرًا وَ فِیْ سِرِّیْ نُوْرًا وَ فِیْ عَلَانِیَتِیْ وَ وَجْهِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ

نوراور میرے باطن میں نوراور میرے ظاہر میں نوراور میرے چہرہ میں نورا ے اللہ میرے لیے

اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا

ایک نور مقرر کردے۔اے اللہ میرے لیے ایک نور مقرر کردے،اے اللہ میرے لیے ایک نور مقرر کردے،

یَا نُوْرَ الْاَنْوَارِ بِجَاهِ نُوْرِكَ الَّذِیْ لَا یُطْفَأُ وَ هُوَ

اے نوروں کے نور اپنے اُس نور کے واسطے سے جو نہیں بجھے گا اور وہ نور آپ کے ''محمد ﷺ'' ہیں اور ہمارے

مُحَمَّدُكَ وَ هُوَ مُحَمَّدُنَا الْمُصْطَفٰی وَ الْمُرْتَضٰی وَ الْمُجْتَبٰی

''محمد ﷺ'' ہیں وہ برگزیدہ ہیں اور پسندیدہ نبی ہیں اور منتخب رسول ہیں اور جن پر سب کا سہارا ہے ہماری زندگی

وَ الْمُرْتَجٰی فِیْ حَیَاتِنَا وَ بَعْدَ مَمَاتِنَا وَ هُوَ لَنَا بِفَضْلِكَ

میں بھی اور ہماری موت کے بعد بھی اور وہی ہمارے لیے آپ کی مہربانی اور آپ کی بخشش اور آپ کی

وَ جُوْدِكَ وَ لُطْفِكَ وَ كَرَمِكَ وَ اِحْسَانِكَ وَسِیْلَةٌ فِیْ

عنایت اور آپ کے کرم اور آپ کے احسان سے دنیا و آخرت میں وسیلہ ہیں اے احسان کرنے والوں میں سب سے

الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ یَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِیْنَ بِرَحْمَتِكَ وَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ

بڑھ کر احسان کرنے والے اور رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے اور درود بھیجے اللہ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اِمَامِ النَّبِیّٖنَ اِمَامِ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ ٥

ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو تمام رسولوں کے سردار ہیں اور سارے انبیاء کے امام ہیں اور قیامت تک اگلوں اور پچھلوں کے پیشوا ہیں۔

○○○

بڑی زاہدہ و عابدہ وشب بیدار ہیں۔ اور پھر طرہ یہ کہ خاص کیفیات و مشاہدات کی مالک ہیں۔ میں نے ان کو چند خط لکھے جن میں اپنی کیفیات کا اظہار کیا اور مدد چاہی۔ ان کے پاس سے بڑے معقول جواب آئے جن سے بہت سہارا ملا اور بڑی ڈھارس بندھی۔ خاص بات یہ کہ انھوں نے اپنے ایک خواب کا تذکرہ کیا جس میں انھوں نے مجھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک جگہ دیکھا تھا اور اس طرح کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک کمرے میں اکیلے رونق افروز ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سیدھا دست مبارک سیدھی جانب دراز ہے اور اس کے نیچے میں بیٹھا ہوا ہوں۔ جب یہ اطلاع مجھے نصیب ہوئی تو اس کا مجھ پر بڑا اثر ہوا اور عجیب و غریب اندرونی جذب و تڑپ پیدا ہوئی میں رونے لگا اور گھنٹوں تک روتا رہا اور اس کے بعد جذب کی شدت بڑھ گئی۔ اپنے اطراف کے ماحول سے بے خبر رہنے لگا۔ عجیب بے خودی کی حالت رہنے لگی اور میں اپنے اطراف کے لوگوں حتیٰ کہ سائیکلوں اور موٹروں تک کو نظر انداز کرنے لگا۔ کئی مرتبہ سڑک پر چلنے والوں سے ٹکرایا۔ سائیکل سواروں سے مڈبھیڑ ہوئی۔ اپنے ملنے جلنے والوں کو دیکھتا اور ان کو نہ پہچانتا۔ چند بار موٹروں اور بسوں کے نیچے آتے آتے بچا۔ مجھے ہر وقت یہی خیال دامن گیر رہنے لگا کہ میں اللہ تعالیٰ جو خالق کائنات وشہنشاہ موجودات ہے کے آخری نبی حضرت احمد مجتبیٰ رسول موجودات و وزیر اعظم کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے سیدھے ہاتھ کے نیچے ہوں اور بس۔ یہ احساس ترقی کرتا گیا اور ایک دن احساس کا جامہ چھوڑ کر یقین میں تبدیل ہو گیا۔ مکمل حقیقت بن گیا۔ اپنی پچھلی زندگی پر نظر ڈالنے کے بعد مجھے یقین ہو گیا کہ میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نگرانی میں پرورش پائی ہے اور بچپنے میں یتیم ہونے کے بعد اور تمام مادی سہارے ٹوٹ جانے کے بعد زندگی کی بڑی بڑی مشکلات صرف آپ ہی کی مدد سے دور ہوئی ہیں اور آپ نے پردۂ غیب سے میری اعانت فرمائی ہے اور اُس کا اظہار اس طبعی دنیا میں آدھی زندگی گزارنے کے بعد اب شروع ہوا ہے۔

ایک دن اپنے برساتی فلیٹ میں مغرب کے بعد بیٹھا ہوا کچھ پڑھ رہا تھا کہ یکا یک میرے سامنے ایک ہاتھ کا سایہ دکھائی دیا۔ میں فوراً ساکت ہو گیا یہ سیدھے ہاتھ کا سایہ تھا۔ مجھے فوراً یقین ہو گیا کہ حضرت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم میری پشت پر کسی اونچی جگہ رونق افروز ہیں اور اپنا دست مبارک میرے اوپر اٹھائے ہوئے ہیں۔ اس عظیم الشان حقیقت کو بھانپ کر مبہوت ہو گیا۔ قویٰ میں طاقت نہ رہی اور میں ایک بے بس اور کمزور بچے کی طرح ہو گیا۔ ارادہ اور عمل کی طاقت ختم ہو گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک سے اشارہ فرمایا جس کو میں فوراً سمجھ گیا کہ کہیں جانے کا حکم ہو رہا ہے۔ پس اٹھ کھڑا ہوا اور چلنا شروع کیا۔ جدھر جدھر آپ کا اشارہ ہوتا گیا میں

چلتا گیا۔ اور تھوڑی دیر بعد ایک ایسی جگہ آیا جہاں ایک نورانی شکل کے بزرگ سفید داڑھی ڈھیلے ڈھالے کپڑے پہنے ہوئے مشفق انداز میں تشریف رکھتے تھے۔ میں نے ان کو سلام کیا۔ وہ فوراً کھڑے ہوگئے اور سلام کا جواب دیا۔ ان کے ہاتھ میں ایک کتاب تھی جو فوراً انھوں نے مجھے دے دی۔ میں نے وہ کتاب لے لی۔ اس کو الٹ پلٹ کر دیکھا اور اس کا نام و پتہ نوٹ کرلیا۔ پھر تھوڑی دیر بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دست راست کا اشارہ ہوا میں اٹھ کھڑا ہوا۔ اُن بزرگ کو سلام کیا۔ اُن سے مصافحہ کا شرف حاصل کیا، واپس ہوا اور اپنے مقام پر آ گیا۔ جب پرچہ کو غور سے پڑھا تو لکھا تھا:

اوائل الخیرات ڈاکٹر محمد عبدالمعید خان دائرۃ المعارف حیدر آباد

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیچھے سے ارشاد فرمایا کہ یہ تیرے لیے ہے تو اسے پڑھ اور اس پر عمل کر۔ میں انتہائی خائف اور معطل ہو چکا تھا۔ گویائی کی طاقت ختم ہو چکی تھی۔ ختم کیا بلکہ سلب کی جا چکی تھی۔ میں نے انتہائی ادب کے جذبہ کے ساتھ آنکھیں بند کیں اور اثبات میں سر جھکا لیا۔

اس واقعہ کے فوری بعد میں نے ڈاکٹر عبدالمعید خاں صاحب کو لکھا کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ ناچیز ادنیٰ و اسفل گناہگار کو اطلاع دی ہے کہ آپ نے کوئی کتاب اوائل الخیرات کے نام سے چھاپی ہے مجھے حکم ہوا ہے کہ اس کتاب کو پڑھوں اور اس پر عمل کروں اور ان سے مندرجہ بالا کتاب طلب کی۔ ان کا جواب میرے پاس آیا جس میں انھوں نے بڑی حیرت کا اظہار کیا اور لکھا کہ کتاب ابھی مکمل طور پر چھپ کر تیار بھی نہیں ہوئی ہے اور اس کی تقسیم بھی شروع نہیں ہوئی اور انھوں نے میرے خواب کی تفصیل پوچھی مگر میں نے انھیں اپنا کوئی حال لکھ کر نہ بھیجا۔ کیونکہ میں ان سے ناواقف تھا اور یہ کسی طرح مناسب نہ تھا کہ ایک ناواقف انسان سے اس کے پہلے خط میں اہم روحانی مشاہدہ بیان کردوں۔ مگر مجھے ان کے حالات جاننے کا اشتیاق ضرور پیدا ہوگیا۔

کچھ دنوں بعد میں دفتر میں بیٹھا تھا کہ ڈاکیہ ایک پارسل لے کر آیا جو کتابوں کا تھا وصول کر کے جو کھولا تو خوشی کی انتہا نہ رہی۔ اتنی خوشی ہوئی کہ امریکہ، جرمنی، انگلستان، کینیڈا سے سائنس کے جدید ترین اہم ریپرنٹس (Reprints) اور کتابیں وصول ہونے پر بھی کبھی نہیں ہوئی تھی۔ ایسا محسوس ہوا کہ ایک خزانہ ہاتھ آ گیا۔ ہیرے جواہرات سونا چاندی کروڑوں روپے کا فوراً چھپا لیا۔ کسی کو نہ دکھایا۔ شام ہونے کا انتظار کرنے لگا کہ پانچ بجیں اور میں اپنے ڈپارٹمنٹ کے قید خانہ سے چھوٹوں اور گھر جاؤں اور اوائل الخیرات کا مطالعہ کروں۔ یہ معلوم نہ تھا کہ اوائل الخیرات کس قسم کی کتاب ہے اور اس میں کیا لکھا ہے۔ غرض جوں توں کر کے پانچ بجے اور میں فوراً وہاں سے

نکل کر گھر آیا۔ کپڑے تبدیل کیے وضو کیا عصر کی نماز پڑھی پھر چائے پی اور تازہ دم ہو گیا۔ سورج غروب ہونے لگا مغرب کی نماز پڑھی اور اوائل الخیرات کھولی۔ کھولتے ہی ان عظیم المرتبت، روشن ضمیر، علم باطنی کے فاضل، مشاہدات روحانی میں کامل اور عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حامل بزرگ سے متعارف ہوا جو "محمد عبدالغفور خان النامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کے نام نامی واسم گرامی سے موسوم کیے جاتے ہیں، کتاب کے مصنف ڈاکٹر عبدالمعید خان کا التماس تو پڑھ لیا۔ بعد ازیں جب مصنف کے مقدمہ کو شروع کیا تو حقائق کی یگانگت اور حالات کی متوازیت اور مشاہدات کی یکسانیت نے حیرت واستعجاب کی لہر چاروں طرف دوڑا دی۔ چند سطور ہی پڑھی ہوں گی کہ از خود رفتگی طاری ہو گئی اپنے آپے میں نہ رہا اور بے اختیار گریہ جاری ہو گیا آگے نہ پڑھ سکا، کتاب ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑی۔ غرض تمام رات روتا رہا۔ نہ کھانا کھایا نہ باہر نکلا۔ اگلا دن پھر جوں توں کر کے دفتر میں گزارا۔ شام کو مغرب کے بعد پھر کتاب کھولی۔ ایک ایک لائن پڑھتا اور روتا۔ عجیب وغریب ان ہونی، ان دیکھی، غیر مرئی کیفیات طاری ہوئیں اپنے آپ کو نہ زندہ محسوس کرتا نہ مردہ۔ چاروں طرف عالم حیرت محیط تھا۔ بڑی مشکل سے کئی گھنٹوں میں جا کر ایک صفحہ پڑھا۔ اس طرح مستقل سات دن تک گریہ اور بے خودی اور عالم حیرت طاری رہا اور سات دن میں کہیں جا کر مصنف کا مقدمہ ختم ہوا۔

اسی زمانے میں میری والدہ ماجدہ محترمہ الحاجیہ عباسی بیگم صاحبہ دہلی آ گئیں۔ انھوں نے دو سال قبل انتہائی بے سروسامانی کی حالت میں ضعیفی اور ناتوانی کے باوجود یکہ وتنہا مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ کی زیارت کی تھی اور فریضہ حج ادا کیا تھا۔ اچانک روانہ ہوئی تھیں اور دوران سفر خانہ کعبہ میں ان کے ساتھ دو عجیب واقعات ہوئے تھے جن کو ان کی اجازت کے بغیر میں لکھنا مناسب نہیں سمجھتا۔ میں نے اوائل الخیرات کی ایک کاپی انھیں دے دی۔ وہ برسہا برس سے دلائل الخیرات پر عمل پیرا تھیں۔ انھوں نے فوراً ہی اوائل الخیرات کا ورد شروع کر دیا اور کوئی رکاوٹ محسوس نہ کی ان کے ذوق شوق اور طبیعت کی قبولیت کو دیکھ کر مجھے بڑا اچنبھا ہوا۔ ایسے لگا جیسے وہ اس کتاب کے انتظار میں ہی تھیں اور اسے ہی لینے کے لیے دہلی بھیجی گئی تھیں۔

❁ .... ❁ .... ❁

مدینہ مسجد شاہ گنج
حیدرآباد دکن،
شوال ۱۳۸۷ھ/جنوری ۱۹۶۸ء

اس اثناء میں دہلی میں مجھے ڈاکٹریٹ کی سند مل گئی۔ میرے تمام ساتھیوں کو بھی مل گئی۔ سب نے یکے بعد دیگرے بڑے بڑے عہدے ڈھونڈ لیے اور ہندوستان کے مختلف مقامات کو روانہ ہو گئے۔ بہتوں نے کئی ہزار ڈالر ماہانہ کی نوکریاں امریکہ اور کنیڈا کی یونیورسٹیوں میں حاصل کر لیں اور وہاں چلے گئے۔ بعض نے کئی ہزار مارکس کے ماہانہ کے اسکالرشپ جرمنی کے سائنسی اداروں میں حاصل کر لیے اور روانہ ہو گئے۔ بعض کئی سو پاؤنڈ کے مشاہروں پر انگلستان اور فرانس پہنچ گئے۔ اسی طرح باقی ماندہ کئی ہزار روبلز ماہانہ پر روس میں اور ماسکو و تاشقند وغیرہ پہنچ گئے اور میرے لیے حالات کچھ ایسے پیدا ہوئے کہ ۱۳۸۵ھ میں مجھے حیدرآباد دکن آنا پڑا یہاں اوائل الخیرات پر تفصیلی نظر ڈالنے کا موقع نصیب ہوا۔ الغرض میں نے بیرونی ممالک میں اعلیٰ تعلیم کے لیے جانے کا خیال ترک کر دیا ہے۔ دہلی کی ملازمت سے استعفیٰ دے دیا ہے اور سبکدوشی حاصل کر لی ہے۔ اب اوائل الخیرات کی اشاعت دوبارہ کی جا رہی ہے تا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے عوام و خواص کو ہدایت و رہنمائی نصیب ہو اور اس کے فیوض و برکات سے سب متمتع ہو سکیں۔ آمین

محمد افسر الحق دہلوی

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خط کا تعارف

ڈاکٹر افسر الحق کے خط کی عکسی تصویر صفحہ نمبر ۳۲ پر اس لیے شائع کی گئی ہے کہ اس کا اوائل الخیرات سے ایک حیرت ناک تعلق ہے جس کے سمجھنے سے میری عقل ابھی تک قاصر ہے شاید صاحب دل و صاحب نظر اس گتھی کو سلجھا سکیں اور اس مسئلہ پر کچھ روشنی ڈال سکیں۔ واقعہ یہ ہے کہ اس خط کے آنے سے پہلے نہ میں افسر الحق صاحب کو جانتا تھا نہ وہ مجھے پہچانتے تھے خود خط کی عبارت بتاتی ہے کہ انھیں اس خط کا مجھ تک پہنچنے کا یقین بھی نہیں تھا۔

حیرت ناک امر یہ ہے کہ ڈاکٹر افسر الحق صاحب کو میرا نام اور پتہ کس طرح معلوم ہوا اور اس سے بڑھ کر تعجب انگیز بات یہ ہے کہ اوائل الخیرات جس کو چھاپنے کا میں نے اپنی والدہ محترمہ اور عزیز نوجوان بھتیجے کی وفات کے بعد ارادہ کیا اور ان دونوں کے ایصال ثواب کے لیے چاہا کہ چہلم تک وہ چھپ جائے تاکہ چہلم میں آنے والوں کو تقسیم کی جاسکے۔ جلدی میں اس کتاب کی طباعت تو ہو چکی تھی لیکن اس کی سلوائی اور جلد بندی ابھی مکمل نہ ہو سکی تھی۔ جس قدر اس کتاب نسخے تیار ہو سکے اس کے تقریباً سو سوا سو نسخے چہلم میں احباب و اقارب میں تقسیم ہو گئے اور چہلم کے دوسرے روز میں دہلی، ایک کمیٹی میں شرکت کے لیے چلا گیا ابھی میں دہلی میں تھا کہ میرے نام دائرۃ المعارف کے پتہ پر میرے غیاب میں ڈاکٹر افسر الحق صاحب کا متذکرہ بالا خط وصول ہوتا ہے۔

دو چار روز کے بعد جب میں دہلی سے واپس آتا ہوں تو یہ خط دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ اس کتاب کا نام اوائل الخیرات اور اس کا میری نگرانی میں طبع ہونے کا علم اور اس کے دائرۃ المعارف کے مطبع میں چھپنے کی اطلاع ایک دہلی میں رہنے والے ناواقف کار کو کیونکر ہوئی جو ابھی مطبع سے پوری طرح باہر بھی نہیں نکل سکی

تھی۔ یہ تو حال تھا حیدرآباد میں اور دہلی میں ڈاکٹر افسر الحق صاحب پر کیا گزری اور کس چیز نے ان کو اوائل الخیرات کے متعلق لکھنے پر آمادہ کیا اس حال کو ان کے خط کی عکسی تصویر میں پڑھیے۔ اللہ تعالیٰ آپ اور ہم سب کو اہل اللہ کے فیوض و برکات سے مستفید فرمائے۔

والسلام علیٰ خیر الانام

محمد عبدالمعید خان

پروفیسر و صدر شعبۂ عربی

جامعہ عثمانیہ و ناظم دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن۔

۱۰ رشوال ۱۳۸۷ھ / ۱۱ رجنوری ۱۹۶۸ء

الالتماس من القراء الكرام

کان والدی مولانا محمد عبد الغفور خان النامي رحمة اللّٰہيضن بهذه الذخيرة لآخرة و يحافظ علیٰ هذه ولم يرد نشر هذا الكتاب اثناء حياته ويمنعنا عنه ولكنی رأت نشره من الواجب بعد وفاته لخير الامة عامة وخاصة لايصال الثواب الى والدی المرحوم ووالدتی المرحومة السيدة عظيم النساء التي توفيت فجاءة بمرض القلب يوما الاثنين في الثاني عشر من شهر شوال المكرم سنة ١٣٨٣ھ، ١٥/فبرائر سنة ١٩٦٥م والى ابن اخی الشاب محمد عبد المتين خان الذی توفی فی ذلك اليوم غرقا لشدة الحزن على وفاة جدته فالرجاء من القراء الكرام ان يهد واثواب هذه الصلوات الى ارواح هؤلاء الصالحين والشهداء بعد اهداء ثوابها الى حضرة النبى الكريم صلى الله عليه وآلہ وسلم ويد عوالنا ولهم ولجميع المؤمنين والمؤمنات للمغفرة وحسن العاقبة۔

فجزاكم الله احسن الجزاء في الدنيا والآخرة۔

محمد عبد المعيد خان

التماس

میرے والد مرحوم مولانا محمد عبدالغفور خان نامی اس ذخیرہ آخرت کو بہت عزیز رکھتے اور اس کی بڑی حفاظت فرماتے اور اس کو اس قدر چھپاتے تھے کہ اپنی زندگی میں اس کو شائع کرنے سے منع فرماتے تھے۔لیکن والد مرحوم کی وفات کے بعد عامۃ المسلمین کی بھلائی کے لیے مناسب سمجھا گیا کہ اس کو شائع کیا جائے۔اور خاص طور پر جب میری والدہ مرحومہ سیدہ عظیم النساء کا ۱۵؍فروری ۱۹۶۵ء کو اچانک قلب کی بیماری سے انتقال ہوگیا اور اسی روز میرے نوجوان بھتیجے محمد عبدالمتین خاں کی اپنی دادی کے غم میں نامعلوم حالات میں باولی میں غرق ہوکر موت واقع ہوگئی تو ان کی ارواح طیبہ کے ایصال ثواب کے لیے اس ''اوائل الخیرات'' کی اشاعت کو ضروری سمجھا۔پس قارئین کرام سے امید کی جاتی ہے کہ وہ اس درودوسلام کو پڑھ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور سب شہداء و صالحین اور ان مرحومین کی ارواح طیبہ کو ایصال ثواب فرمائیں گے اور ان کی مغفرت اور ہم سب مؤمنین و مؤمنات کی مغفرت اور حسن عاقبت کے لیے دعا فرمائیں گے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں اس کا بہترین صلہ عطا فرمائیں۔

محمد عبدالمعید خان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تَرجمُۃ مقدمۃ المصنّف

☆☆

میں بچپن سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت سے درود وسلام پڑھا کرتا تھا اور خواب میں دیکھنے کا بہت مشتاق تھا۔ لیکن سالہا سال تک میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے حد محبت تھی۔ لہٰذا دیکھنے کا شوق دن رات بڑھتا ہی گیا۔ یہاں تک کہ میں نے مختلف اصحاب رضی اللہ عنہم کی درود پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا اور درودشریف کے وہ صیغے جو مجھے زیادہ پسند تھے مدت دراز تک ان کو پڑھتا رہا۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے دیدار سے سرفراز فرمایا اور میں نے خواب میں دیکھنے کی سعادت حاصل کی۔ لیکن مختلف صورتوں اور عجیب عجیب طریقوں سے دیکھا۔ حتیٰ کہ ان صورتوں کو جن کو خواب میں دیکھا تھا ان کی تعبیر سے عاجز آگیا۔ حالانکہ میں دکن میں فن تعبیر میں کافی مشہور تھا۔ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب و بیداری اور مراقبہ میں دیکھنے لگا۔ لیکن میں اس کی تاویل نہ کرسکا۔ جب میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیداری میں دیکھا تو پھر مجھے گمان ہونے لگا کہ یہ میرا وہم و خیال ہے۔ کیونکہ میں ہمیشہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورتِ مبارکہ کا تصور کیا کرتا تھا۔ ہر گھڑی اور ہر حالت میں خواہ باطہارت رہوں یا بے طہارت نبی صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کا تصور حاضر رہتا تھا۔ انتہا یہ کہ مجھے اس تصور میں ایک لذت آنے لگی اور یہ ایسی لذت تھی کہ دنیا کی کوئی دوسری لذت اس کے مقابل نہ آسکتی تھی۔ پھر مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شرفِ تکلّم سے بھی سرفراز فرمایا۔ لیکن میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ مخاطبت خواب میں ہوتی تھی یا بیداری میں۔ ایسی حالت مجھ پر دس سال تک طاری رہی اور مجھے اس تصور کی تصدیق وتکذیب میں برابر تامل ہوتا رہا۔ کبھی میں اُس کی تصدیق کرتا اور کبھی تکذیب۔ پھر اللہ تعالیٰ نے میری رہنمائی فرمائی۔

میں اسی تذبذب کی حالت میں تھا کہ ایک روز نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ کے ساتھ ایک بزرگ بارونق وپُرعظمت سیدہ بھی تھیں۔ میں اپنی نظریں نیچے کیے ہوئے تھا۔ اس گمان سے کہ شاید یہ پ

عظمت محترمہ ازواج مطہرات میں سے ہیں ۔اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف بڑی محبت سے دیکھا اور مسکراتے ہوئے فرمایا کہ تمہاری ماں ''عائشہ'' کو سلام کرو۔میں نے بڑی خوشی سے اپنے سر کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر رکھا اور خواب سے بیدار ہو گیا۔اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی، اس فضل ونعمت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفقت پر مجھے خوب رونا آ گیا اور پشیمان ہوا کہ ناحق میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام کی کثرت کو کم کر دیا حالانکہ اس سے قبل شب وروز بکثرت درود شریف پڑھا کرتا تھا۔اس واقعہ کے بعد میں نے پھر درود کی کثرت حسب سابق ہر فرض نماز کے بعد شروع کر دی اور پہلے سے بھی زیادہ پڑھنے لگا۔پھر ایک دن کیا دیکھتا ہوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تشریف فرما ہیں اور بعض اہل بیت بھی ساتھ ہیں۔مجھے ایسا معلوم ہوا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے گھر تشریف فرما ہیں اور حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر میرے متعلق یہ فرما رہے ہیں کہ:

''میں اس بچے کے درود کے صیغے بہت پسند کرتا ہوں''

حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے اس صیغے کی نسبت مجھ سے دریافت فرمایا میں نے عرض کیا کہ وہ یہ ہے:

''بِأَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ الْاُمِّیْ''

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں بھی تمہاری طرح پڑھتا ہوں کہہ کر خود انھوں نے بھی پڑھا بار بار پڑھا اور وجد کرنے لگے۔اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم پڑھو۔میں نے بھی اس درود شریف کو پڑھا۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پھر پڑھو۔میں نے پھر پڑھا۔پھر ارشاد مبارک ہوا دوبارہ پڑھو، پھر میں نے اس کو کئی مرتبہ حالت سرور میں پڑھا۔اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے بازو کو پکڑ کر اپنے قریب کھینچا اور بڑے لطف وکرم کے ساتھ مجھے ایسے ملاحظہ فرمایا جیسا کہ کوئی اپنے بچے کو دیکھا کرتا ہے۔پھر مجھ سے دریافت فرمایا کہ تم نے اس درود کے الفاظ کہاں سے حاصل کیے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! صلی اللہ علیک وسلم میں نے ان الفاظ کو صحابہ کی روایت کی ہوئی حدیثوں میں پایا ہے۔پھر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا فرمائی میرے لیے اور ان سب کے لیے جو اس درود کو پڑھیں اور ان سب کی شفاعت کا بھی وعدہ فرمایا اور یہ درود اللہ کے پاس مقبول ہوگا۔میں فرطِ مسرت سے

رونے لگا اور آپ کے پائے مبارک کو بوسے دینے لگا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ردائے مبارک سے میرے آنسو پونچھے اور فرمایا بچے کیوں روتا ہے؟ پھر شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا میرے بچے اے عبد القادر! اس لڑکے کو میں اپنی راست نگرانی میں تربیت دوں گا۔ حضرت شیخ جیلانی نے فرمایا مرحبا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضرت جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ طریقہ بیعت میں میرے مرشد ہیں کیونکہ میں نے طریقہ قادریہ میں حضرت شاہ فضل الرحمٰن مراد آبادی قدس سرہٗ کی ہاتھ پر بیعت کی تھی۔

